REGD N.L 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

ربوہ

یوم یکشنبہ

فی پرچہ ۱۰/

جلد ۴۷/۱۲ | ۱۲ صلح ۱۳۳۷ ہش | ۱۲ جنوری ۱۹۵۸ء | نمبر ۱۱

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے لئے دعا کی تحریک

جیسا کہ احباب کو علم ہے کہ تفسیر صغیر کے سلسلہ میں مسلسل محنت اور ساتھ کے ساتھ سلسلہ کے دیگر امور سرانجام دینے کا حضور کی صحت پر اثر پڑا ہے۔ اور اب جلسہ سالانہ کے ایام میں بھی حضور کو بہت زیادہ محنت کرنی پڑی ہے۔ اس لئے احباب توجہ اور التزام کے ساتھ حضور کی صحت اور درازی عمر کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

اخبار احمدیہ

ربوہ ۱۱ جنوری۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے کل یہاں نماز جمعہ پڑھائی اور "وقف جدید" کی اہمیت پر ایک بصیرت افروز خطبہ ارشاد فرمایا۔

کل نماز مغرب کے بعد یہاں مسجد مبارک میں قائد مقامی مکرم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب کی زیر صدارت مجلس خدام الاحمدیہ ربوہ کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مکرم قائد صاحب کی درخواست پر محترم جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خانصاحب نے خدام سے خطاب فرمایا۔ خدام الاحمدیہ پر خدمت دین کے سلسلہ میں جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں آپ نے ان کی کما حقہ ادائیگی کے سلسلہ میں خدام کو نہایت قیمتی اور زریں ہدایات سے نوازا۔

حضرت مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری گذشتہ کئی روز سے بعارضہ بخار بیمار ہیں اور بہت کمزور ہو گئے ہیں۔ احباب صحتیابی کے لئے دعا فرمائیں۔

خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام میں ولادت باسعادت

یہ خبر مسرت سے سنی جائیگی کہ اللہ تعالیٰ نے صاحبزادی امۃ المجید بیگم صاحبہ سلمہا کو ۸ جنوری ۱۹۵۸ء کو بچی عطا کی ہے نومولودہ میجر وقیع الزمان خاں صاحب کی بیٹی اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کی نواسی ہے ادارۂ الفضل اس ولادت باسعادت پر حضرت میاں صاحب موصوف اور مکرم میجر وقیع الزمان خانصاحب اور ہر دو خاندانوں کو دلی مبارکباد عرض کرتا ہے اور دست بدعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو صحت و عافیت کے ساتھ دراز عمر عطا کرے اور اسے خاندان کے لئے اور جماعت کے لئے قرۃ العین بنائے۔

عدم جارحیت اور نسلی مساوات دولت مشترکہ کے بنیادی اصول ہیں

برطانوی لیبر پارٹی کے لیڈر مسٹر ہیو گیٹسکل کی تقریر

لندن ۱۱ جنوری۔ برطانوی لیبر پارٹی کے لیڈر مسٹر ہیو گیٹسکل نے کہا ہے کہ جن اصولوں نے دولت مشترکہ کے ملکوں کو مربوط و منسلک رکھا ہے ان میں عدم جارحیت اور نسلی مساوات کے اصول بھی شامل ہیں۔

دولت مشترکہ کے نامہ نگاروں کی ایسوسی ایشن کے ایک ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر ہیو گیٹسکل نے کہا "دولت مشترکہ ایک کثیر نسلی معاشرہ ہے۔ اور یہ خصوصیت اس کی روح ہے۔ کوئی نسلی یہ اصول برداشت نہیں کر سکتی کہ وہ کسی دوسری نسل سے کمتر ہے۔ اور جہاں اسے تسلیم نہیں کیا جاتا وہاں دولت مشترکہ پر ایک کافی بڑا بوجھ پڑ گیا۔ لیکن وہ اتنا بڑا بھی نہیں ہے کہ دولت مشترکہ میں نفاق پیدا ہو جائے۔"

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر گیٹسکل نے کہا۔ کوئی شخص یہ دعوے نہیں کر سکتا۔ کہ دولت مشترکہ میں نسلی مساوات کے اصول پر سو فی صد عمل کیا جا رہا ہے۔ لیکن یہ عام طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے کہ اس اصول کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے۔

پاکستان کے لئے فولاد کا کارخانہ

کراچی ۱۱ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ منصوبہ بندی بورڈ کے نائب صدر مسٹر سعید حسن نے سویڈن کے "سپونچ آئرن طریقے" کی بنا پر فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کے متعلق اپنی رپورٹ مرکزی حکومت کو پیش کر دی ہے۔ خیال ہے کہ اس مہینے کے آخر تک مرکزی کابینہ اس رپورٹ پر غور کرے گی۔ اس سے قبل پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن بھی فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کے متعلق مرکزی حکومت کو ایک رپورٹ پیش کر چکی ہے۔ اس رپورٹ میں جرمنی کے "کرپس رین طریقے" کی سفارش کی گئی تھی۔

یاد رہے بعض سرکاری حلقے مؤخر الذکر سفارش کی مخالفت کر چکے ہیں۔

مغربی پاکستان میں اڑھائی لاکھ ٹن گندم خریدی جا چکی ہے

تمام صوبے میں گندم کی سرکاری خریداری کی مہم جاری ہے

لاہور ۱۱ جنوری۔ گندم کی سرکاری خریداری کی مہم کے تحت پچھلے سال مغربی پاکستان میں جتنی گندم خریدی گئی تھی اس سے پینسٹھ ہزار ٹن زائد گندم اب تک خریدی جا چکی ہے اور ابھی خریداری کی مہم جاری ہے۔

ریڈیو پاکستان نے یہ اطلاع دیتے ہوئے بتایا ہے کہ گزشتہ ہفتے کے دن تک صوبے کے مختلف علاقوں میں دو لاکھ بیالیس ہزار ٹن گندم خریدی گئی۔ سب سے زیادہ گندم ——— ایک لاکھ ۲۹ ہزار ٹن ——— لاہور کے علاقے سے خریدی گئی۔

اضلاع میں ملتان کا نمبر پہلا رہا۔ اس ضلع سے ۴۹ ہزار ٹن گندم حاصل کی گئی۔ اس کے بعد ضلع منٹگمری کا نمبر ہے یہاں سے ۲۴ ہزار ٹن گندم فراہم کی گئی۔ خریداری کی مہم محکمہ خوراک کے زیر اہتمام جاری ہے۔ اور توقع ہے کہ مزید گندم بازار میں آ جائیگی۔

ڈاکٹر گراہم دہلی روانہ ہو گئے

نیویارک ۱۱ جنوری۔ اقوام متحدہ کے مندوب ڈاکٹر فرینک گراہم نیویارک سے دہلی روانہ ہو گئے ہیں۔ روانگی سے قبل ایک بیان میں آپ نے کہا کہ اقوام متحدہ کے کمیشن برائے ہندو پاکستان نے اگست ۴۸ء اور جنوری ۴۹ء میں تنازعہ کشمیر کے متعلق جو قراردادیں منظور کی تھیں میں ان کے سلسلے میں برصغیر جا رہا ہوں۔

ڈاکٹر گراہم نے یہ بتانے سے معذوری ظاہر کی کہ آپ کشمیر بھی جائیں گے یا نہیں۔ آپ نے یہ بھی نہیں بتایا کہ برصغیر میں آپ کتنا عرصہ ٹھہریں گے۔ آپ نے کہا ——— میں واپسی پر حفاظتی کونسل کو اپنی رپورٹ پیش کر دوں گا۔

ڈاکٹر گراہم جنیوا پہنچ چکے ہیں۔ آپ ہفتہ کو اپنے سفر پر روانہ ہو جائیں گے۔

ایڈیٹر۔ روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں طبع کرا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۵۸ء

کونے کا پتھر

لاہور کے حالیہ "اسلامی مذاکرہ" میں دنیا کے بڑے بڑے مسلم کہلانے والے اور غیر مسلم ماہرین اسلامیات نے مقالے پڑھے ہیں۔ جیسا کہ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں ایسے مذاکرات خالی از فائدہ نہیں بلکہ مفید ہیں۔ لیکن جو مقالات اب تک پڑھے گئے ہیں۔ اگرچہ تحقیقاتی نقطۂ نظر سے ان کی کتنی ہی وقعت کیوں نہ ہو۔ اور یہ بھی کچھ کم نہیں۔ لیکن ان مقالات میں سے اب تک ایک بھی شاید ایسا نہیں ہے جس میں دین اسلام کی پوری حقیقت پر روشنی پڑتی ہو۔

بعض مسلم مقررین نے بے شک اسلامی آئیڈیالوجی کی خصوصیات نمایاں کرنے اور اسلامی طرز زندگی پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ اور اس کے روحانی پہلو کی طرف اشارے کئے ہیں۔ لیکن ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ کہ مقررین میں ایک بھی ایسا نہیں جس نے دین اسلام کو بطور ایک زندہ دین کے پیش کیا ہو۔

زندہ دین پیش کرنے سے ہمارا یہ مطلب نہیں ہے کہ اسلام کو محض ایسا مذہب ظاہر کیا جائے جو انسانی عقل کے ترازو پر پورا اترتا ہے۔ بلکہ ہمارا مطلب یہ ہے کہ اسلام کو اس طرح ایک زندہ دین کے طور پر پیش کیا جائے کہ اس میں ایسے اصول پیش کئے گئے ہیں جن پر عمل کر کے انسان تعلق باللہ کے مدارج آسانی سے طے کر سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اسلام آج بھی مردہ نہیں جس نے ہمیشہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کے دروازے بند کر دیئے ہوں۔ جس طرح آریہ مذہب ایک مردہ دین ہے یا عیسائیت ایک مردہ دین ہے۔ اور دوسرے دین ہیں جو انسانیات کے قائل نہیں ہیں کہ آج بھی انسان اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہو سکتا ہے۔

ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آج کا مسلمان بھی حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کا قائل نہیں رہا۔ یہ ہم اپنی طرف سے ہی نہیں کہہ رہے۔ بلکہ آج سے ایک صدی پہلے بھی یہی کہا جا چکا ہے۔ چنانچہ صراط مستقیم کے اختتام پر جو حضرت مولانا اسمٰعیل شہید دہلوی علیہ الرحمۃ کی تالیف ہے۔ اور جو حضرت سید احمد بریلوی علیہ الرحمۃ کے اقوال پر مشتمل ہے یہی بات پیش کی گئی ہے

"ان چند کلمات میں جو حضرت سید صاحب کے معاملات کے اجمالی اشارات پر مشتمل ہیں بڑے بڑے فائدے ہیں ..... منجملہ ان کے زمانہ کے جاہلوں کی تنبیہ کرنا ہے کہ انہوں نے ولایت ربانی کو ممتنعات عقلیہ سے شمار کر کے اوائل الت پر اسے منحصر سمجھ کر انقطاع امت کی طرح ولایت کے انقطاع کے قائل ہو گئے ہیں"

(صراط مستقیم ص۱۷۸)

اس سے ظاہر ہے کہ خود مسلمانوں کے دلوں پر بھی یہ تاریکی کا عالم طاری ہو چکا ہے۔ اس لئے جو مقالے اسلامی مذاکرہ میں پڑھے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک بھی مقالہ ایسا نہیں جس میں اسلام کو واقعی ایک زندہ دین کے طور پر پیش کیا گیا ہو۔

جیسا کہ ہم نے کہا ہے ہمیں ایسے مقالات کی تحقیقاتی افادیت سے انکار نہیں۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایک ہی جماعت کو یعنے جماعت احمدیہ جو اسلام کو حقیقی طور پر ایک زندہ دین کے طور پر پیش کر سکتی تھی۔ "اسلامی مذاکرہ" میں اپنے خیالات ظاہر کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ خود یہ امر بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ آج کا مسلمان زبان سے احمدیوں سے سن سنا کر اسلام کو "زندہ دین" تو شاید کہتا ہے۔ لیکن نہ تو زندہ دین کی حقیقت کو سمجھتا ہے۔ اور نہ زندہ دین سے کوئی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

سچی بات تو یہ ہے کہ یہ تنگ نظری جو دکھائی گئی ہے اسلام کے نام کو بٹہ لگانے کے لئے کافی ہے۔ اور جو مقالات اسلامی مذاکرہ میں پڑھے گئے ہیں جن میں اسلام کو جمہوری اور آزاد خیال دین بڑے طمطراق سے پیش کیا گیا ہے۔ خود منتظمین کے اس طریق عمل نے ان تمام مقالات پر سیاہی پھیر دی ہے۔

اگر اسلام خدانخواستہ اتنی تنگ نظری سکھاتا ہے جس کا مظاہرہ اسلامی مذاکرہ کے منتظمین نے جماعت احمدیہ کے مقررین کو اپنے مقالے پڑھنے کی اجازت نہ دینے سے کیا ہے۔ تو اسلام کی وسعت نظری کے لاکھ گیت فضا میں اچھالے جائیں اس سے کیا ہو سکتا ہے۔ اس عمل سے منتظمین نے یہ ثابت کیا ہے کہ خدانخواستہ اسلام ایک نہایت کمزور دین ہے۔ اور ایک نہایت تنگ نظر نظریہ ہے جو نعوذ باللہ اس قابل نہیں ہے کہ اکیس کو آج کی دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔

ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ مقالے جن کی اجازت نہیں دی گئی حاصل کر کے الفضل میں شائع کریں۔ انشاء اللہ ان سے دنیا پر یہ کھل جائے گی کہ کون اسلام کی حقیقت کو جانتا ہے اور کون اسلام کو واقعی ایک زندہ دین سمجھتا ہے۔ اور زندہ دین کی حیثیت سے اس کو پیش کرتا ہے۔

منتظمین کے اجازت نہ دینے کی وجہ بھی ہم جانتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ بعض خود پسند اہل علم کہلانے والے ہمارے دلوں میں احمدیت کے ہمہ گیر اثر کا خوف بیٹھا ہوا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ احمدیت کے چمکتے ہوئے آفتاب کے سامنے ان کے بجھے ہوئے چراغ نظر نہیں آئیں گے۔ اس لئے انہوں نے منتظمین پر اثر ڈالا ہے۔ جنہوں نے اسلام کے لا اکراہ فی الدین کے اصول کے خلاف احمدی مقررین کو حصہ لینے سے روک دیا۔ مگر حقیقت کبھی رک نہیں سکتی۔ وہ دنیا پر منکشف ہو کر ہی رہتی ہے اور جیسا کہ انجیل میں آتا ہے۔ وہ پتھر جس کو معماروں نے رد کیا آخر کونے کا پتھر بنا۔ حقیقی اسلام دنیا پر غالب آ کر ہی رہے گا۔

مذاکرہ میں اسلام پر کئی ایک تحقیقاتی مقالے غیر مسلموں نے سنائے ہیں۔ ان کو منتظمین نے نہیں روکا۔ مگر احمدیوں کو جنہوں نے اپنی ساٹھ ستر سالہ جدوجہد سے ان غیر مسلموں تک اسلام کا پیغام پہنچایا ہے۔ اور ان کو اسلام سے آشنا کیا ہے۔ اپنے مقالے سنانے سے روکا گیا ہے۔ یہ ہے وہ ذہنیت جو اس مذاکرہ کی شان کو خاک میں ملا دیتی ہے۔ منتظمین کو یہ بھی احساس نہیں ہوا۔ کہ جب دنیا یہ خبر سنے گی۔ تو وہ پاکستان کے مسلمانوں کے اعلیٰ ترین طبقے کے متعلق کیا رائے قائم کرے گی بے شک منتظمین نے ان چند علماء کو جن کی تعریف صدر سکندر مرزا نے اپنی تقریر میں کی ہے خوش کر لیا ہے لیکن انہوں نے اسلامی وسعت نظری کی تعلیم کے درخت کی جڑ پر کلہاڑا رکھنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ؂

اخبار الفضل کے متعلق
حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کا ارشاد

"سب سے پہلے میں الفضل کی توسیع اشاعت کے لئے دوستوں کو تحریک کرتا ہوں۔ الفضل سلسلہ کا اہم آرگن ہے۔ جو دوستوں کا مرکز کے ساتھ تعلق قائم رکھتا ہے جیسا کہ میں نے کل کہا تھا اول تو دوستوں کو محدود کثرت کے ساتھ بار بار رویہ آنا چاہیئے۔ اگر وہ نہ آ سکیں۔ تو پھر الفضل ایک ایسا ذریعہ رہ جاتا ہے جس سے مرکز کے ساتھ وہ اپنا تعلق اور رابطہ قائم رکھ سکتے ہیں۔ اور اگر الفضل بھی وہ نہ خریدیں۔ تو پھر مرکز سے وہ بالکل علیحدہ اور بے تعلق ہو جاتے ہیں۔ پس دوست الفضل کی اشاعت بڑھانے کی خصوصیت کے ساتھ کوشش کریں۔ خود بھی خریدیں اور دوسروں کو بھی خریدنے کی تحریک کریں" ؂

(تقریر جلسہ سالانہ ۱۹۵۵ء)

پیشگوئی مصلح موعود کا حقیقی مصداق

تقریر مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس برموقعہ جلسہ سالانہ

قسط نمبر ۶

پانچویں دلیل

علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جانا

یہ علامت کہ پسر موعود علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا اور اس کے ذریعہ دین اسلام کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہوگا۔ ایک ایسی علامت ہے جو بغیر تائید الٰہی کسی میں نہیں پائی جا سکتی۔ اور نہ کوئی اپنی ذات میں از راہِ کذب و افترا اس کو ثابت کر سکتا ہے کیونکہ اوّل فضیلت اور کمال کسی ولی کا جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی کتاب آئینہ کمالات اسلام میں فرماتے ہیں:۔

"یہ ہے کہ علم قرآن اس کو عطا کیا جائے ..... وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) آپ فرماتا ہے کہ میں جس کو حقیقی پاکیزگی بخشتا ہوں اس پر قرآنی علوم کے چشمے کھولتا ہوں اور نیز فرماتا ہے کہ جس کو چاہتا ہوں علم قرآن دیتا ہوں اور جس کو علم قرآن دیا گیا اس کو وہ چیز دی گئی جس کے ساتھ کوئی چیز برابر نہیں۔"

(آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۲۶۳)

اور اشتہار ۲۰ر جولائی ۱۹۰۰ء میں فرمایا کہ علم معارف قرآن صرف راستبازوں کو دیا جاتا ہے۔ ان کے غیر کو نہیں دیا جاتا۔ اور فرماتے ہیں:۔

"بموجب آیت لا یمسّہٗ الّا المطہّرون صرف پاک باطن لوگوں کو ہی کتاب عزیز کا علم دیا جاتا ہے لیکن صرف دعویٰ قابل تسلیم نہیں۔ بلکہ ہر ایک چیز کا قدر امتحان سے ہو سکتا ہے اور امتحان کا ذریعہ مقابلہ ہے۔ کیونکہ روشنی ظلمت سے ہی شناخت کی جاتی ہے۔" (اشتہار بنام پیر مہر علیشاہ گولڑوی مورخہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۰۰ء)

اور سابق امیر متکرین خلافت مولوی محمد علی صاحب مرحوم بھی لکھتے ہیں۔ کہ قرآن مجید کے۔

"مضامین عالیہ تک رسائی انہی لوگوں کو ملتی ہے جو اپنے آپ کو گناہوں سے پاک کر کے اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کریں یہ مطہرین کے قرآن شریف تک پہنچنے کے دو رنگ ہیں۔ ایک ظاہری اور ایک باطنی۔"

(ترجمۃ القرآن صفحہ ۱۸۱ نوٹ ۵)

اور قرآن مجید کے معارف بیان کرنے میں مقابلہ کے لئے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نہ ایک بار چیلنج کیا بلکہ بار بار مخالفین کو مقابلہ کے لئے بلایا۔

۱۹۲۵ء میں آپنے علماء دیوبند کو مقابلہ کی دعوت دیتے ہوئے لکھا۔

"اگر حقائق و معارف سے وہ حقیقی معارف مراد ہیں جن سے قرآن کریم بھرا ہوا ہے اور جن میں انسان کے اخلاق و اعمال کی درستی اور اس کے تعلق باللہ کے اعلیٰ سے اعلیٰ ذرائع بتائے گئے ہیں۔ تو ان کے لکھنے میں ان مولویوں کو میں اپنے مقابلہ بلاتا ہوں۔ اگر وہ آئے تو دیکھیں گے کہ حضرت میرزا صاحب کے ایک ادنیٰ غلام کے مقابلہ میں ان کا کیا حشر ہوتا ہے۔ ان کی قلمیں ٹوٹ جائیں گی۔ انکے دماغوں پر پردے پڑ جائیں گے وہ کچھ نہیں لکھ سکیں گے اگر ان میں ہمت و جرأت ہے تو مقابلہ پر آئیں۔"

(الفضل ۱۶ر جولائی ۱۹۲۵ء)

(۲) پھر آپ نے ۱۹۳۸ء میں فرمایا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا۔ یہ تفسیر کا کام میرا ہے یا اس کا جو مجھ سے ہو۔ اور اس طرح یہ دروازہ اپنی جماعت کے لئے بھی کھلا رکھا ہے۔

"اب میں نے بھی کئی بار چیلنج دیا ہے کہ قرعہ ڈالکر کوئی مقام نکال لو۔ اگر یہ نہیں تو جس مقام پر تمکو زیادہ عبور ہو بلکہ یہانتک کہ تم ایک مقام پر جتنا عرصہ چاہو غور کر لو اور مجھے نہ بتاؤ۔ پھر میرے مقابل پر آکر اسکی تفسیر لکھو۔ دُنیا فوراً دیکھ لیگی کہ علوم کے دروازے مجھ پر کھلتے ہیں یا اُن پر۔ مگر کسی کو جرأت نہیں ہوتی کہ سامنے آئے۔"

(الفضل ۷ر مارچ ۱۹۳۸ء)

پھر ۸ر اپریل ۱۹۳۸ء کو لائلپور میں تقریر کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعودؑ کے طفیل "مجھے بھی ایسے قرآن کریم کے معارف عطا کئے گئے ہیں کہ کوئی شخص خواہ کسی علم کا جاننے والا اور کسی مذہب کا پیرو ہو قرآن کریم پر جو چاہے اعتراض کرے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس قرآن سے ہی اس کا جواب دوں گا۔ میں نے بارہا دنیا کو چیلنج کیا ہے کہ معارفِ قرآن میرے مقابل میں لکھو حالانکہ میں کوئی مامور نہیں مگر کوئی اس کے لئے تیار نہیں ہوا۔ ..... میرا دعویٰ تو یہ ہے کہ نئے معارف بیان کروں گا۔" (تبلیغ حق صفحہ ۶۵)

۱۹۴۴ء میں اپنے آپ کو مصلح موعود والی پیشگوئی کا مصداق قرار دینے کے بعد آپ نے دہلی کے جلسہ عام میں فرمایا:۔

"میں جسے خدا تعالیٰ نے اس پیشگوئی کا مصداق قرار دیا ہے تمام علماء کو چیلنج دیتا ہوں کہ میرے مقابلہ میں قرآن کریم کے کسی مقام کی تفسیر لکھیں۔ اور جتنے لوگوں سے اور جتنی تفسیروں سے چاہیں مدد لیں مگر خدا کے فضل سے پھر بھی مجھے فتح حاصل ہوگی۔"

(الفضل ۲۲ر اپریل ۱۹۴۴ء)

الغرض اس پیشگوئی کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کو علوم ظاہری و باطنی سے وافر حصہ عطا فرمایا۔ اور قرآن مجید کے حقائق و معارف کا دروازہ آپ پر کھول دیا۔

علاوہ ازیں آپ نے اہم سیاسی مسائل میں مسلمانوں کی راہنمائی فرمائی۔ مسجد کانپور کا واقعہ۔ بزرگوں کی توہین اور ملکی قانون۔ مطالبہ آزادی کی تحریک۔ ترکوں سے اظہار ہمدردی۔ تحریک ہجرت۔ تحریک عدم تعاون۔ ملکانہ شدھی کی تحریک وغیرہ مسائل میں مسلمانوں کی صحیح رنگ میں مدبرانہ راہنمائی فرمائی۔

پھر دو قوموں کا تصور جس پر بقول قائدِ اعظم محمد علی جناح مرحوم پاکستان بنا آپ نے نہایت شد و مد سے پیش کیا۔ چنانچہ سائمن کمشن کے سامنے آپ نے جداگانہ انتخاب کے متعلق پیش کرنے کا مشورہ دیا۔ اور آل مسلم پارٹیز کانفرنس شملہ اور اس کے بعد بھی جداگانہ انتخاب کے لئے زور دیا۔ آپ نے "مسلمانوں کے حقوق اور نہرو رپورٹ" میں تحریر فرمایا:۔

"مسلمانوں کے سامنے مذہب اور قومیت کا سوال ہے۔ یہاں دو مختلف قومیں اور زبردست قومیں بستی ہیں۔ جن کے مذہب الگ ہیں۔ اور جن کے تمدن کے اصول الگ ہیں۔ پس ایک مستقل اکثریت کے مقابلے میں ایک مستقل اقلیت بن کر رہنے کے لئے وہ کس طرح تیار ہو سکتے ہیں۔ جب تک کہ ان کے حقوق کی حفاظت کا انتظام نہ ہو جائے۔"

(صفحہ ۹۸)

(باقی)

جماعتِ احمدیہ کے ۶۷ ویں جلسہ سالانہ کی مختصر روئیداد

۲۷ دسمبر ۱۹۵۷ء کا پہلا اجلاس

جماعتِ احمدیہ کے ۶۷ ویں جلسۂ سالانہ کے دوسرے روز یعنی ۲۷ دسمبر ۵۷ء کو پہلا اجلاس پروگرام کے مطابق سوا نو بجے صبح شروع ہوا اس اجلاس میں صدارت کے فرائض پیگ کی عالمی عدالتِ انصاف کے جج محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خانصاحب نے ادا فرمائے۔ کارروائی کا آغاز تلاوتِ قرآن مجید سے ہوا جو کہ ایچی کے مکرم خواجہ سعید احمد صاحب نے کی۔ بعدہٗ مبشر احمد صاحب نے درثمین میں سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک نظم خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی

عقیدہ حیاتِ مسیح کے نقصانات

تلاوت اور نظم کے بعد پروگرام کے مطابق سب سے پہلے امیر جماعت احمدیہ لاہور لینڈی مکرم میاں عطاء اللہ صاحب ایڈووکیٹ نے "عقیدہ حیاتِ مسیح کے نقصانات" پر تقریر فرمائی ابتداً آپ نے اس موضوع کی اہمیت واضح کرتے ہوئے پس منظر کے طور پر اس امر کو واضح فرمایا کہ جب آج سے قریباً ستر سال قبل سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے قرآن مجید اور احادیثِ نبوی کی رو سے مسیح علیہ السلام کا وفات یافتہ ہونا ثابت کیا۔ تو مسلمانوں میں اس کا شدید ردِ عمل ظاہر ہوا اور ہر طرف ایک شورِ قیامت برپا ہو گیا مسلمانوں کو وفاتِ مسیحؑ کا قائل کرنے میں بہت دقت لگی۔ بالآخر حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر واقعۂ صلیب کے بعد مسیح علیہ السلام کی کشمیر کی طرف ہجرت اور سرینگر کے محلہ خانیار میں مسیح علیہ السلام کی قبر کی نشاندہی کر کے اور اس کے ثبوت میں بے شمار تاریخی شواہد جمع کر کے دنیا پر پوری طرح حجت تمام کر دی۔ وفاتِ مسیح کے بارہ میں قرآن مجید کے بیان کردہ عقیدہ کے حق میں تاریخی شواہد کا فراہم ہو جانا ایک ایسا امر تھا کہ جس کے آگے حیاتِ مسیح کا غلط عقیدہ بالکل ماند پڑ گیا اور دنیا یہ ماننے پر مجبور ہو گئی کہ فی الواقعہ مسیح علیہ السلام صلیب سے زندہ اترے اور بنی اسرائیل کے گمشدہ قبائل تک پیغامِ حق پہنچانے کے بعد وفات پا چکے ہیں۔ چنانچہ یہ احساسِ شکست کا ہی نتیجہ تھا کہ غیر احمدی علماء جو "حیاتِ مسیح" کے عقیدے کو جزوِ ایمان سمجھتے تھے۔ یہ کہنے پر مجبور ہو گئے کہ چھوڑو اس بحث کو کہ عیسےٰ زندہ ہے یا مر گیا بلکہ براہِ راست صداقتِ مسیح موعودؑ پر بحث کرو جب اس مسئلہ پر بھی جماعتِ احمدیہ کے روشن دلائل کے آگے کچھ پیش نہ گئی۔ تو رفتہ رفتہ مسلمانوں کے ایک طبقہ میں ایک نیا ردِ عمل ظاہر ہوا اور انہوں نے حق کو قبول کرنے کی بجائے یہ کہنا شروع کر دیا کہ آخری زمانے میں کسی نے اصلاح تعلق کے لئے خدا کی طرف سے آنا ہی نہ تھا نہ مسیح علیہ السلام نے اور نہ ان کی خو بُو لے کر کسی اور فرد ات نے یہ تو ایک مجوسی خیال ہے کہ کوئی آئے گا اور اصلاحِ خلق کا فریضہ ادا کرے گا۔ الغرض اس طرح رفتہ رفتہ وفاتِ مسیح کے عقیدے کی حقانیت دن بدن لوگوں کے دلوں میں گھر کرتی چلی گئی اور وہی لوگ جو حیاتِ مسیح کے عقیدے پر اڑے بیٹھے تھے احمدیت کے مقابل پر اپنا موقف بدلتے چلے گئے۔ اور بعض نے تو ایسے نظریات اختیار کر لئے۔ جو قرآن مجید اور احادیثِ نبوی کی بنیادی تعلیم کے خلاف تھے۔ مثلاً آخری زمانہ میں کسی موعود کے ظہور سے انکار کا نظریہ

اس پس منظر پر روشنی ڈالنے کے بعد مکرم میاں عطاء اللہ صاحب نے اس امر پر روشنی ڈالی کہ اب جب کہ خود غیر احمدی مسلمانوں کی طرف سے حیاتِ مسیح کے عقیدے کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو پھر عقیدۂ حیاتِ مسیح کے نقصانات کو واضح کرنے اور انہیں بار بار بیان کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ آپ نے بتایا کہ قرآن نے مسیح علیہ السلام کی وفات کے بارہ میں محاکمہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں اپنے ایک مامور کے ذریعہ ان کے وفات یافتہ ہونے کو جس شد و مد کیساتھ پیش کرنے کا اہتمام کیا ہے یہ بے مقصد نہیں ہے۔ اس کا ایک بڑا مقصد ہے اور وہ مقصد دنیا کو ایک دفعہ پھر توحید کی طرف لانا ہے۔ دراصل حیاتِ مسیح کا عقیدہ دنیا میں دسیع پیمانے پر شرک کے فروغ کا موجب بنا ہوا ہے۔ ابھی دنیا میں ستر اسی کروڑ عیسائی موجود ہیں۔ جن کے نزدیک نجات کا مدار ہی اسی بات پر ہے کہ مسیح کو آسمان پر زندہ مانا جائے اور اس بات کو دل سے تسلیم کیا جائے کہ وہ الوہیت میں باپ کا شریک ہے پس چونکہ حیاتِ مسیح کا عقیدہ ایک عاجز بشر کو فوق البشر کا درجہ دے کر اسے الوہیت کرنے اور اس طرح کروڑوں کروڑ انسانوں کو شرک میں مبتلا رکھنے کا باعث بنا ہوا ہے۔ اسی لئے اس عقیدے کے نقصانات اور مسیح کی وفات کو بار بار بیان کرنا از حد ضروری ہے۔

موضوع کے پس منظر اور اس کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالنے کے بعد آپ نے اختصار کیساتھ واقعہ صلیب اور اس کے بعد رونما ہونیوالے واقعات بیان کئے اور قرآن مجید کی آیت وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ مالھم بہ من علم الا اتباع الظن وما قتلوہ یقیناً بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزاً حکیما۔ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے مسیح علیہ السلام کا صلیب پر سے زندہ اتر کر ہجرت کرنا اور پھر اپنا مشن پورا کرنے کے بعد وفات پانا ثابت کیا۔

بعد ازاں آپ نے عقیدۂ حیاتِ مسیح کے نقصانات بیان کرتے ہوئے ثابت فرمایا کہ مسیح علیہ السلام کو آسمان پر زندہ ماننے سے ہستی باری تعالیٰ اور رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی شانِ رسالت پر حرف آتا ہے۔ گویا نہ ایمان باللہ سلامت رہتا ہے اور نہ ایمان بالرسالت قرآن مجید میں مسیح علیہ السلام کے متعلق آتا ہے کہ بل رفعہ اللہ الیہ اب اگر حیاتِ مسیح کا عقیدہ رکھنے والے غیر احمدی علماء کی طرح اس کے یہ معنی لئے جائیں کہ اللہ تعالیٰ نے مسیح علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا تو پھر خدا کو آسمان میں محدود ماننا پڑے گا۔ حالانکہ وہ ہر جگہ ہے اگر خدا کو محدود مان لیا گیا۔ تو پھر اس کا قادرِ مطلق ہونا باطل ہوا۔ پھر یہ سوال بھی پیدا ہو گا کہ کیا کوئی اس کو محدود کرنیوالا بھی ہے۔ خدا کو آسمان پر محدود ماننے سے خدا تعالیٰ کی ہستی پر حرف آتا ہے اور ایسا حرف آتا ہے کہ اس کی تمام صفات باطل ہو کر رہ جاتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ کوئی انسان ایسے محدود خدا سے نہ تعلق قائم کرنے پر آمادہ ہو سکتا ہے اور نہ اس سے محبت کر سکتا ہے الغرض اسطرح باری تعالیٰ کا عقیدہ ہی سرے سے باطل ہو جاتا ہے۔

پھر مسیح علیہ السلام کو آسمان پر زندہ ماننے سے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک لازم آتی ہے اس سے تائید و نصرتِ الٰہی کا مسیح علیہ السلام کے ساتھ بڑھ چڑھ کر ہونا بدرجہ اولیٰ ثابت ہوتا ہے۔ بالخصوص جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب کفار مکہ نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ آپ آسمان پر جا کر اور وہاں سے کتاب لا کر دکھائیں تو آپ نے فرمایا ھل کنت الا بشراً رسولا کہ میں تو صرف ان کا رسول ہوں۔ لیکن مسیح علیہ السلام اسی جسم کے ساتھ زندہ آسمان پر چلے گئے اور نہ صرف انہوں نے جا کر دکھا دیا بلکہ اب تک وہاں اسی جسم کے ساتھ زندہ موجود ہیں اور خود مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب اسی جسم کے ساتھ دوبارہ دنیا میں نازل ہو کر امتِ مسلمہ کی اصلاح کریں گے۔ سو گویا بالآخر امتِ مسلمہ بھی انہی کی محتاج ہے۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا وفات پا جانا اور عیسےٰ علیہ السلام کا نہ صرف زندہ ہونا بلکہ امتِ مسلمہ کی اصلاح کے لئے دوبارہ آنا سراسر غیرت کے منافی ہے اور اس سے سرورِ دو جہاں سرورِ کونین حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہتک لازم آتی ہے۔

حیاتِ مسیح کے عقیدے کے نقصانات گنواتے ہوئے آپ نے اس امر کو بھی واضح فرمایا کہ یہ عقیدہ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی شانِ خاتمیت کے بھی خلاف ہے۔ اس کی رو سے یہ ماننا پڑتا ہے کہ حضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد ایک پہلے کا براہِ راست نبوت کے منصب پر فائز ہونیوالا نبی آئے اور سالہا سال نبوت کرے یہ وہ نظریہ ہے جس سے آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کی شانِ خاتمیت پر حرف آئے بغیر نہیں رہتا۔ حالانکہ یہ آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کا وہ وصف ہے جو آپ کو تمام اولین اور آخرین پر فضیلت بخشتا ہے۔

اسی ضمن میں آپ نے عقیدہ حیاتِ مسیح کے متعدد دیگر نقصانات گنوائے۔ جن سے الوہیت کے سراسر باطل نظریہ کو تقویت پہنچتی اور دنیا میں عیسائیت کے فروغ کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ اس کے بالمقابل آپ نے

— (باقی ص۸ پر) —

تفسیر صغیر کے متعلق احمدی نوجوانوں کے تاثرات

ہمارے لئے یہ تفسیر قرآنی حقائق و معارف اور اس کے صحیح مفہوم کو سمجھنے کا ایک بے نظیر ذریعہ ہے

تفسیر صغیر کے متعلق دو احمدی نوجوانوں کے تاثرات درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ تفسیر قرآنی علوم و حقائق کا ایک بے نظیر خزانہ ہے جسے حضور نے بڑے آسان اور دل نشین پیرایہ میں بیان کیا ہے۔ قرآن مجید سے حقیقی تعلق اور لگاؤ پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر احمدی اس تفسیر کا ضرور مطالعہ کرے۔ احباب جماعت کو چاہیئے کہ وہ خود بھی یہ تفسیر خریدیں اور اپنے دوستوں کو بھی خریدنے کی تحریک کریں تاکہ ہزاروں لاکھوں اشخاص قرآن مجید کے علوم و معارف سے آشنا ہو سکیں۔ اور اس کی برکات سے متمتع ہوں (ادارہ)

(۱)

سیدنا و امامنا حضرت مصلح الموعود ایدہ اللہ الودود۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اے میرے پیارے آقا آپ پر خدا کی ہزار ہزار برکتیں اور رحمتیں نازل ہوں اور مولا کریم ہم غریبوں پر آپ کے سایہ عاطفت کو بہت لمبے عرصہ تک قائم رکھے۔

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر میں نے تفسیر صغیر کی ایک جلد خرید کی تھی مگر جلسہ کی مصروفیات کے باعث پڑھنے کا موقعہ نہ ملا۔ آج صبح میں نے سورہ بنی اسرائیل سے پڑھنی شروع کی تو میرے آقا میں اس کیفیت کو بیان نہیں کر سکتا کہ جو مجھ پر طاری ہوئی۔ میں نے یوں سمجھا کہ قرآن آج ہی نازل ہوا ہے۔ میں گو مولوی فاضل ہوں اور عربی میں تھوڑی بہت سدھ بدھ رکھتا ہوں۔ مگر اس کے باوجود تفسیر صغیر میں بعض آیات کا ترجمہ پڑھ کر مجھ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔

ابھی تک دو رکوع میں نے پڑھے ہیں ان میں سے دو آیات کے ترجموں کا تفاوت بیان کرتا ہوں۔ مثلاً آیت یدع الانسان بالشر دعاءہ بالخیر کا میں ہمیشہ یہ ترجمہ کیا کرتا تھا کہ انسان شر کو اسی طرح بلاتا ہے جس طرح کہ وہ (یعنی انسان) خیر کو بلاتا ہے مگر آپ کا یہ ترجمہ کہ "انسان شر کو اس جوش سے بلاتا ہے جس جوش سے اللہ تعالیٰ بندہ کو خیر کی طرف بلاتا ہے" پڑھ کر میں حیران و ششدر رہ گیا اور سابقہ غلطی پر استغفار کی۔

اسی طرح اگلے ہی رکوع میں ایک آیت ہے واذا اردنا ان نھلک قریۃ امرنا مترفیھا ففسقوا فیھا میں اس کا ترجمہ کیا کرتا تھا "اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کے آسودہ حال لوگوں کو حکم دیتے ہیں تو وہ اس میں فساد اور نافرمانی شروع کر دیتے ہیں۔ گو یہ ترجمہ دل میں چبھتا تھا مگر اصل مفہوم کی طرف کبھی خیال نہیں گیا تھا۔ مگر تفسیر صغیر میں یہ ترجمہ پڑھ کر کہ "جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کریں تو پہلے اس کے آسودہ حال لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہیں جس پر الٹا وہ نافرمانی کی راہ اختیار کر لیتے ہیں"

میں کانپ گیا کہ میں کس قدر غلطی میں مبتلا رہا ہوں۔ میرے آقا میرا ہی حال نہیں میرے جیسے بے شمار لوگ اس قسم کی غلط فہمیوں میں مبتلا تھے۔ آپ پر اللہ تعالیٰ ہزار ہزار برکتیں اور رحمتیں نازل فرمائے کہ آپ نے کلام اللہ کے حقیقی معانی و معارف سے ہمیں آگاہ فرمایا۔

دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس صحیح ترجمہ و مفہوم کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے اور اس کو اوروں تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

آپ کا ادنیٰ ترین خادم خاکسار
مسعود احمد جہلمی متعلم جامعہ احمدیہ۔ ربوہ

(۲)

میرے پیارے آقا! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ تا دیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین ثم آمین۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض ہے تفسیر صغیر دیکھی اور چند صفحے پڑھے۔ میرے آقا میں بیان نہیں کر سکتا کہ مجھے کتنی خوشی ہوئی یہ ایک میری دلی امنگ اور انتہائی خواہش تھی جو آج تفسیر صغیر نے میری توقعات سے بھی کہیں زیادہ بڑھ کر پوری کی۔ اس سے پہلے میری اماں جان نے مجھے روزانہ ہی کہنا تو قرآن کیوں نہیں پڑھتا میں کبھی پڑھتا اور کبھی نہ بھی پڑھتا۔ میں نے کہا اماں جی میں کیا پڑھوں جبکہ کچھ سمجھ میں ہی نہیں آتا۔ اگر ترجمے والا قرآن بھی لیکر پڑھتا ہوں تو بھی کچھ پتہ نہیں چلتا کہ کیا پڑھ رہا ہوں۔ مزہ ہی نہیں آتا۔ جب سمجھ میں ہی نہ آئے تو مزہ کیسے آئے۔ قرآن نہ پڑھنے پر مجھے خود بھی بے حد ندامت محسوس ہوتی تھی کہ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ مگر سخت تشویش میں مبتلا رہتا تھا۔ مگر آج میں بے حد خوش ہوں۔ یہ میں ہی جانتا ہوں کہ کوئی دوسرا اس کا اندازہ نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے محض اپنے فضل سے میری ایک دیرینہ خواہش کو ایک دبی ہوئی آرزو۔ دلی امنگ کو آپ کی بے انتہا مہربانیوں نوازشوں اور ان گنت احسانات کے ساتھ پورا کیا

اے میرے پیارے خدا۔ تو ہمارے آقا کو صحت کے ساتھ ساتھ کام کرنے والی لمبی عمر عطا فرما تاہم ان کے ذریعہ سے تیرا قرب حاصل کرنے کی سعادت حاصل کر سکیں اور دنیا کے گوشے گوشے میں جا کر ایک ایک فرد کو یہ بتا سکیں کہ آؤ آج بھی اللہ تعالیٰ کا ایک موعود خلیفہ اس دنیا میں موجود ہے جو تمہیں تمہارے رب سے ملا سکتا ہے۔ اے خدا تو ایسا ہی کر۔ آمین ثم آمین۔

میرے آقا میرے پاس الفاظ نہیں جن سے میں آپ کا شکریہ ادا کر سکوں۔ میرے آقا میں اپنی اس خوشی کا اظہار ضبط تحریر میں لانے سے قاصر ہوں۔ دعا کرتا ہوں اس قادر مطلق سے کہ جس طرح آپ نے مجھے خوش کیا ہے اسی طرح کی ہزاروں نہیں کروڑوں خوشیاں وہ آپ کو دکھائے آمین۔

میرے آقا یہ حقیقت ہے کہ میں خوشی کا اظہار الفاظ میں نہیں کر سکتا۔ حضور دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ حضور کا ادنیٰ ترین غلام ابن غلام سید مبشر احمد پسر حکیم سید پیر احمد ہوشیارپوری حال سیالکوٹ شہر

حج فنڈ کیلئے چھ صد روپیہ کی پیشکش

ہر سال خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے کی جاتی ہے۔ امسال بھی انشاء اللہ جنوری کے آخر میں کسی موزوں دوست کو یہ پیشکش کی جائے گی آپ بھی صرف ایک روپیہ حج فنڈ میں ادا کر کے اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

حج فنڈ (کم از کم ایک روپیہ سالانہ) کس طرح ادا کیا جائے؟

اول۔ خدام الاحمدیہ کے کسی کارکن کو باخذ رسید ادا کر دیا جائے۔

دوم۔ خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں "حج فنڈ خدام الاحمدیہ" کی مد میں رقم جمع کرا دی جائے۔

سوم۔ ایک لفافہ میں جس پر آپ کا مکمل پتہ نہایت خوشخط درج ہو میں حج فنڈ کم از کم ایک روپیہ ڈال کر خدام الاحمدیہ کی اس صندوقچی میں ڈال دیا جائے جو اسی غرض کے لئے مخصوص ہوگی۔

مہتمم اصلاح و ارشاد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ

اعلان نکاح

برادرم مکرم میر افتخار احمد صاحب ابن میر احمد علی صاحب ساکن حیدرآباد دکن کا نکاح مکرمہ ذکیہ خانم صاحبہ بنت کرنل اوصاف علی خانصاحب مرحوم (ساکن ۵/۱۳۷ ماڈل ٹاؤن لاہور) سے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۹/۱۲/۵۷ کو مسجد مبارک میں گیارہ ہزار روپیہ مہر پر پڑھا۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے آمین

ابو المنیر نور الحق۔ ربوہ

درخواست ہائے دعا

میری بچی پروین اختر بعمر ۱۴ سال جو کہ امسال میٹرک کے امتحان میں شامل ہو رہی ہے مورخہ ۲۴/۱۲/۵۷ سے بعارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہے۔ بزرگان سلسلہ و درویشان قادیان دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس بچی کو شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور خادمہ دین بنائے۔ آمین شیخ عبد الحق احمدی۔ منڈی بوڑے والہ ضلع ملتان

(۲) خاکسار کے چند عزیز ایک مقدمہ میں ماخوذ ہیں۔ عنقریب ان کی عدالت میں پیشی ہے۔ بزرگان کرام ان کی باعزت بریت کے لئے دعا فرمائیں۔ نیز میری اہلیہ عرصہ سے بیمار ہیں دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں شفائے کامل عطا فرمائے۔ آمین۔ (چوہدری) انور دار الصدر غربی۔ ربوہ)

(۳) خاکسار کے والد محترم منشی سبحان علی صاحب عرصہ سے بیمار ہیں۔ کمزور بہت ہو چکے ہیں احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت عطا کرے آمین

نصیر احمد دار الرحمت غربی۔ ربوہ

جلسہ یوم المصلح الموعود

برادران! ۲۰ر فروری ۱۸۸۶ء کا دن سلسلہ کی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس دن سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے خدا تعالیٰ سے وحی پاکر واضح الفاظ میں وہ عظیم الشان پیشگوئی فرمائی تھی جو پیشگوئی مصلح موعود سے تعلق رکھتی ہے۔ جس کے مصداق سیدنا حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز ہیں۔

چونکہ ۲۰ر فروری کا دن قریب آرہا ہے۔ جماعتوں کے امراء اور صدر صاحبان کو ابھی سے یوم المصلح الموعود منانے کی تیاری شروع کر دینی چاہیئے۔ اس دن تمام جماعتوں میں جلسے کئے جاویں اور حضرت مصلح موعود سے متعلق پیشگوئی کو بیان کیا جائے۔ اور جن روشن دلائل اور بیّنات سے یہ پیشگوئی پوری ہوئی ہے لیکچروں اور تقاریر کے ذریعہ سے احبابِ جماعت اور دیگر احباب کو اُن سے واقف اور آگاہ کیا جائے۔

ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد

ضلعوار اصلاحی کمیٹیوں کے متعلق اعلان

مشاورت ۵۶ء میں نظارت اصلاح وارشاد کی تجویز ضلعوار اصلاحی کمیٹیوں کے متعلق منظور ہوئی تھی۔ اس فیصلہ کے ماتحت ضلعہائے ڈیرہ غازیخاں۔ گجرات۔ شیخوپورہ۔ سرگودہا۔ حلقہ خیرپور ڈویژن۔ گوجرانوالہ۔ سیالکوٹ۔ رحیم یار خان۔ اٹک۔ لاہور۔ بہاولنگر میں اصلاحی کمیٹیاں بن چکی ہیں مگر بعض اضلاع میں باوجود یاددہانی کے پھر بھی اصلاحی کمیٹی نہیں بنائی گئی۔ مہربانی کرکے ضلعہائے لائلپور۔ ملتان۔ منٹگمری۔ جہلم۔ راولپنڈی۔ حیدرآباد ڈویژن۔ کراچی۔ بہاولپور ڈویژن۔ مردان۔ پشاور توجہ فرماویں اور جلد اصلاحی کمیٹیاں بنا کر رپورٹ بھجوائیں۔ تجویز جو منظور ہوئی تھی اس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:۔

"ہر امارت ضلع میں ایک کمیٹی بنائی جائے جس کے صدر امیر ضلع ہوں اور سیکرٹری مرکزی انسپکٹر اصلاح وارشاد اور تین اشخاص اس کے علاوہ ہوں۔ جنکو امیر ضلع اپنی مجلس عاملہ کے مشورہ سے مقرر کریں جو فوری طور پر جماعت میں کشیدگیوں کو دور کرنیکی کارروائی کرینگے اور نظارت اصلاح وارشاد ہر تین ماہ کے بعد امبارہ میں رپورٹ صدر انجمن احمدیہ میں پیش کیا کرے"

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد)

محترم خادم صاحب مرحوم کی رحلت پر تعزیتی قرارداد

بار ایسوسی ایشن منڈی بہاء الدین ضلع گجرات

اہم ممبران بار ایسوسی ایشن منڈی بہاء الدین ملک عبدالرحمن صاحب خادم وکیل گجرات کی ناگہانی وفات پہ گہرے رنج وافسوس کا اظہار کرتے ہیں اور ہمیں ملک صاحب مرحوم کے خاندان سے دلی ہمدردی ہے۔

(پریذیڈنٹ بار ایسوسی ایشن)

شہر سیالکوٹ

مورخہ ۱/۳ بعد نماز جمعہ جماعت احمدیہ شہر سیالکوٹ کا خصوصی اجلاس زیر صدارت بابو قاسم الدین صاحب امیر جماعت احمدیہ سیالکوٹ منعقد ہوا۔ جس میں مندرجہ ذیل قرارداد تعزیت منظور کی گئی

جماعت احمدیہ شہر سیالکوٹ کا یہ اجلاس مکرم ومحترم ملک عبدالرحمن صاحب خادم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات پر دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ کیونکہ مرحوم کی وفات سے نہ صرف ان کے لواحقین کو بلکہ جماعت کو بھی بھاری نقصان اور صدمہ پہنچا ہے۔ مرحوم بڑے اوصاف کے حامل تھے۔ انہوں نے بچپن سے لے کر آخری وقت تک اپنی خداداد اعلیٰ صلاحیتوں اور قابلیتوں کے ذریعہ اسلام اور احمدیت کی عظیم الشان خدمات سرانجام دیں آپ نہ صرف دنیوی لحاظ سے ایک کامیاب وکیل تھے۔ بلکہ دینی لحاظ سے بھی اسلام کے بلند پایہ عالم اور مبلغ تھے۔ احمدیہ تبلیغی پاکٹ بک آپ کی ٹھوس علمی خدمات کی بہترین یادگار ہے کہ جس سے آئندہ نسلیں قیامت تک استفادہ کرتی رہیں گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل کے علاوہ اپنی خاص نعمتوں سے نوازتے رہے۔ اور مرحوم کی اولاد کو بھی انہی جیسی اعلیٰ خدمت اسلام کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین

جنرل سیکرٹری انجمن احمدیہ سیالکوٹ

گوجرانوالہ

مکرم ملک عبدالرحمن صاحب خادم کی وفات کی خبر سنکر جماعت احمدیہ گوجرانوالہ کا ایک غیر معمولی اجلاس زیر صدارت جناب میر محمد بخش صاحب امیر ضلع ۳/۱ منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل قرارداد باتفاق رائے پاس ہوئی۔

۱۔ یہ اجلاس سلسلہ احمدیہ کے نہایت پرجوش مبلغ بے خوف مجاہد وممتاز عالم مکرم ملک عبدالرحمن صاحب خادم کی بے وقت رحلت پر اپنے دلی دکھ رنج اور ملال کا اظہار کرتا ہے۔ اور آپ کی بے لوث اور مسلسل خدمات سلسلہ کے باعث آپ کی جدائی کو قومی اور جماعتی صدمہ سمجھتا ہے۔ اور دعا گو ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔

یہ اجلاس حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی ذات اقدس اور محترم ملک صاحب مرحوم کے خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ اور دعا کرتا ہے کہ مولا کریم مرحوم کے لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ اور ان کی والدہ بیوی و دیگر عزیزوں کا دین و دنیا میں ہر طرح محافظ وناصر ہو۔ آمین

جنرل سیکرٹری۔ جماعت احمدیہ
گوجرانوالہ شہر

احمد نگر

جماعت احمدیہ احمد نگر ملک عبدالرحمن صاحب خادم مرحوم کی بے وقت وفات کو ایک قومی نقصان تصور کرتی ہے۔ ملک صاحب مرحوم قوم کے خادم تھے ان کی وفات سے جماعت میں خلاء پیدا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ جماعت کو نعم البدل عطا فرما کر اس خلاء کو پُر کرے جماعت احمدیہ احمد نگر ملک صاحب کے خاندان ان کی اہلیہ اور بچوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ قوم کے اس خادم کو جنت الخلد میں بلند درجات عطا فرمائے۔ اور پسماندگان کا خود کفیل اور کارساز ہو۔

(سیکرٹری امور عامہ احمد نگر)

مڈھ رانجھا ضلع سرگودھا

انجمن احمدیہ مڈھ رانجھا ضلع سرگودھا کے جملہ افراد کو محترم ملک عبدالرحمن صاحب خادم کی وفات کی حسرت آیات خبر پڑھ کر دلی افسوس اور بے حد غم پہنچا۔ ملک صاحب کی وفات سے ایک قومی خلا پیدا ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے خود ہی پورا فرمائے اور محترم ملک صاحب کو بلند درجات عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرما کر ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(ناجیہ) بشیر الدین احمد بجنوعہ مڈھ رانجھا)

وصایا

وصایا منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جاتی ہیں تاکہ اگر کسی موصی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ سیکرٹری مجلس کارپرداز کو اطلاع کر سکے۔ (سیکرٹری مجلس کارپرداز مقبرہ بہشتی)

نمبر ۱۴۷۴۲ میں محمد کریم ولد فتح محمد قوم گگے زئی افغان پیشہ زمینداری عمر تقریباً ۳۷ سال۔ پیدائشی احمدی ساکن چک ۲۴۵/E.D ڈاکخانہ خاص ضلع منٹگمری صوبہ مغربی پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۳ ۱۱/۵۷ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔

میری جائیداد اس وقت اراضی نہری واقعہ چک ۲۴۵/E.D ضلع منٹگمری رقبہ چھ ایکڑ جس کی قیمت مبلغ ۴۸۰۰/- روپے ہے اس کے علاوہ جائیداد منقولہ کوئی نہیں میں اس کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا ہوں۔ نیز اس جائیداد کے علاوہ میری بوقت وفات جو جائیداد ثابت ہو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی

العبد محمد کریم ولد فتح محمد چک ۲۴۷/E.D

گواہ شد۔ حافظ محمد یوسف سیکرٹری اصلاح و ارشاد موصی ۶۱۵۹ چک ۲۴۵/E.D ضلع منٹگمری۔ ۳ ۱۱/۵۷

گواہ شد عبدالعزیز ولد محمد بخش پریذیڈنٹ چک ۲۴۵/E.D ضلع منٹگمری ۳ ۱۱/۵۷

راقم الحروف عبدالسلام موصی ۶۲۶۶ کوئٹہ حال وارد چک ۲۴۵/E.D ضلع منٹگمری

نمبر ۱۴۷۵۱ میں نواز احمد پرویز ولد امام الدین صاحب مرحوم قوم دھوبی پیشہ ٹیچر مدرسہ احمدیہ عمر ۲۰ سال پیدائشی احمدی ساکن قلعہ صوبہ سنگھ ڈاکخانہ خاص ضلع سیالکوٹ صوبہ مغربی پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۰ ۱۱/۵۷ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں

